© rasailojaraid.com

مذہبی خدمات پابندی کے ساتھ ادا کریں گے بیوہ عورتوں کے نام ان کے شوہروں کے گذارے جاری کرنے کے تحت تا نکاح ثانی کی جو قید لگائی جاتی تھی اس کو صرف اس خیال سے حذف کیا جاتا ہے کہ مبادا گذارا بند ہونیکا خوف عورتوں کو نکاح سے روک کر حرام کاری میں مبتلا کر دے۔

**مجموعہ صرف و نحو اردو** | مؤلفہ قاضی ڈاکٹر خلیق احمد صاحب صدیقی صدر خطیب و مفتی ریاست جوناگڈھ ضخامت ۱۲۴ صفحات قیمت ۹ر بولعت سے کنگ روڈ۔ جوناگڈھ (کاٹھیاوار) کے پتہ سے مل سکتی ہے۔

اس کتاب میں زبان اردو کے قواعد سہل طریقہ سے بیان کیے گئے ہیں اور حتی الامکان غیر مانوس اصطلاحات کو چھوڑ کر صرف وہی اصطلاحات استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو اردو میں مستعمل ہو چکی ہیں۔ یا جن کا استعمال ناگزیر ہے۔

**مسلم ریویو کا خاص نمبر** | لکھنؤ کے اس انگریزی رسالہ پر اس سے پہلے تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ زیر نظر پرچہ اس کا خاص نمبر ہے جس میں نومبر اور دسمبر کے پرچے ملے ہوئے ہیں تمام تر مضامین قرآن مجید، سیرت نبوی اور مختلف اسلامی مسائل سے تعلق رکھتے ہیں ڈاکٹر خالد شیلڈریک کا مضمون "طلوع سحر" ڈاکٹر زکی الدین کا مضمون "سائنس میں اسلام کا حصہ"، ڈاکٹر شاہ نواز خاں کا مضمون "اسلام اور جدید سائنس"، ڈاکٹر سین کا مضمون "پیغمبر (علیہ السلام) کا کام اور پیغام" خاص طور پر قابل دید ہیں۔ ڈاکٹر شیلڈریک نے اسپین کے مسلمانوں کا حال بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جن خاندانوں کو اسپین کی ظالم حکومت نے جبراً عیسائی بنا لیا تھا وہ صدیوں تک ظاہر میں عیسائی بنے رہے اور کلیسا میں جا کر عبادت کرتے رہے، مگر ان کے دلوں میں اسلام نے ایسا گھر کیا تھا کہ کسی کے نکالے نہ نکلا۔ یہ راز اس وقت کھلا جب اسپین کی بادشاہی کا خاتمہ ہوا اور نئی جمہوریت نے مذہبی آزادی کا اعلان کیا۔ اعلان آزادی کے بعد بہت سے مسلمان خاندانوں نے اپنے پوشیدہ اسلام کا اظہار کر دیا اور مسجد میں جا کر نماز ادا کی یہ ایک حیرت انگیز واقعہ ہے، اور اسلام کا زندہ معجزہ۔

## فضل فونٹن پن

(نمبر ۱۸۶، جونیئر ۱۱۱) نیا اسٹاک آ چکا ہے۔

فہرست مصور مع نرخ قیمت و آپ علاوہ اس کے سامان اسٹیشنری و کاغذ وغیرہ خط و کتابت سے طلب فرمائیے۔

**فدا علی محمد علی تاجر کاغذ قصر گنج حیدرآباد دکن**

© rasailojaraid.com